ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بہتر مددگار ہے (القرآن)

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ☆☆ ABC CERTIFIED

★★★★★★★ اسلام آباد راولپنڈی ملتان مظفر آباد گلگت بیک وقت شائع ہونے والا موثر ترین قومی اخبار 2331689-90

چیف ایڈیٹر: سردار خان نیازی

روزنامہ پاکستان اسلام آباد

THE DAILY PAKISTAN ISLAMABAD

جلد: 34 جمعۃ المبارک 22 اگست 2025ء 27 صفر المظفر 1447ھ 7 بھادوں 2082 ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے شمارہ: 110

اسلام آباد، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے ہمراہ وکلا خواتین کا دورہ کے موقع پر گروپ فوٹو

وکلا خواتین وفد کا وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا دورہ، اعجاز قریشی سے ملاقات

گزشتہ سال ریکارڈ شکایات کے فیصلے کرنے پر وکلا وفد نے وفاقی محتسب کی حیران کن کارکردگی کو سراہا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان میں وکلا خواتین کی پہلی لا فرم ایس اینڈ ایس لا ایسوسی ایٹ کے ایک وفد نے تنظیم کی سربراہ صبا فاروق ایڈووکیٹ کی سربراہی میں گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا دورہ کیا، جہاں وفاقی محتسب کے مختلف محکموں کے سربراہان نے وفد کو وفاقی محتسب کے کام، طریق کار اور اہم اقدامات نیز ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ وفد نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی سے ملاقات بھی کی۔ وفد کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ پاکستان سرکاری اداروں میں بدانتظامی کے خلاف قائم کردہ سب سے پہلا ادارہ ہے۔ عوام الناس کو بدانتظامی کے خلاف مفت اور جلد انصاف کی فراہمی میں وفاقی محتسب کے کردار اور کامیابیوں کو دیکھتے ہوئے بعد ازاں ٹیکس، بینکنگ، انشورنس اور خواتین کی ہراسیت کے خلاف محتسب کے ادارے قائم کئے گئے۔ وفاقی محتسب میں سال 2024 کے دوران 226,373 شکایات آئیں جن میں سے 223198 شکایات کے فیصلے کیے گئے جو کہ نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر میں ایک ریکارڈ ہے، جب کہ سال رواں کے دوران اب تک ایک لاکھ 52 ہزار سے زائد شکایات موصول ہو چکی ہیں، جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس سال کے اختتام تک شکایات کی تعداد اڑھائی لاکھ سے تجاوز کر جائے گی۔ بعد ازاں وفد نے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کی عمارت میں ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کے دفتر کا بھی دورہ کیا جہاں وفد کو اے او اے کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اے او اے کا قیام 1996 میں پاکستان کی کوششوں سے عمل میں آیا اور اے او اے کی صدارت زیادہ تر پاکستان کے پاس ہی رہی۔ اب بھی پاکستان کے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اے او اے کے صدر ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، محتسبین کے بین الاقوامی ادارے انٹرنیشنل امبڈسمین انسٹی ٹیوٹ (آئی او آئی) اور او آئی سی امبڈسمین ایسوسی ایشن کا بھی سرگرم رکن ہے۔ وفد نے سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف عوام الناس کی شکایات کے ازالے اور ملک میں گڈ گورننس کے قیام کے سلسلے میں وفاقی محتسب کی کارکردگی کو حیران کن قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں اس دورہ کے دوران بہت کچھ سیکھنے کو ملا ہے۔